Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۱ | مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۹ رجمادی الاول ۱۳۵۶ھ مطابق ۷ اگست ۱۹۳۷ء | جلد ۲۹

حصّہ دوم

احکام عالیمرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
۲	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۳
۳	احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ	۴ و ۵
۴	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ	۶ و ۷
۵	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۸ لغایتہ ۱۰
۶	نقشہ بارش	۱۱
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	۱۲

مطبوعہ اعلیٰ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس عالیہ جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

بحالی

بلاحظہ کاغذات واضح ہوا کہ بتاریخ ۱۸؍فروری ۱۹۳۶ء بھوندا خاں قیدی سینٹ جیل سے کپتان جیلر صاحب زنداں کے بنگلہ پر ضرورتاً محمد احمد خاں سپاہی کی نگرانی میں گیا تھا۔ جب وہاں سے واپس آیا تو عبدالوہاب خاں حوالدار گیٹ کیپر نے بھوندا خاں قیدی کی تلاشی خود نہیں لی۔ سپاہی شوکت علیخاں وغیرہ کے بیانات سے ثابت ہے کہ عبدالوہاب خاں حوالدار گیٹ کیپر نے عنایت حسین خاں سپاہی سے جو ڈیوڑھی گیٹ پر مامور تھا قیدی مذکور کی تلاشی لینے کے لئے کہا۔ عنایت حسین خاں سپاہی نے بھوندا خاں قیدی کی تلاشی ایک ہاتھ سے لی۔ دوسرے ہاتھ میں بندوق تھی۔ سپاہی مذکور نے تلاشی لیکر حوالدار کو جواب دیا کہ میں نے تلاشی لے لی۔ یہ بیڑیاں کٹوانے لوہار خانہ جا رہا ہے۔ عبدالوہاب خاں حوالدار گیٹ کیپر نے کہا جانے دو۔ بھوندا خاں قیدی لوہار خانہ ہو کر اندرون چکر جانے لگا تو عنایت علی خاں حوالدار متعینہ ڈیوٹی اندرون چکر نے اُسکی تلاشی لی۔ اُس وقت قیدی مذکور کے پاس سے آٹھ بنڈل بیڑیاں برآمد ہوئیں۔ محمد احمد خاں سپاہی کا یہ بیان غلط اور ناقابل پذیرائی ہے "کہ عبدالوہاب خاں نے بھوندا خاں قیدی کی تلاشی لی اور اندر بھیجدیا۔ جبکہ میں قیدی کو لایا تھا تو اُسکی تلاشی لے لی گئی تھی۔ اُس کے بعد میں گیا تھا۔ پھر قیدی میری نگرانی میں نہیں رہا۔ جو میں اُس کا ذمہ دار ہوں" بھوندا خاں قیدی محمد احمد خاں سپاہی کی نگرانی میں جیل سے باہر گیا تھا۔ یہ یقینی امر ہے کہ سپاہی مذکور کی امداد یا اُس کی غفلت سے قیدی کے پاس بیڑیاں پہونچیں۔ اور عنایت حسین خاں سپاہی اگر اچھی طرح قیدی کی تلاشی لے لیتا تو اُسی وقت بیڑیاں برآمد ہوجاتیں۔ عنایت حسین خاں سپاہی نے بھی فرائض منصبی کے انجام دہی میں کوتاہی کی۔ لہذا وہ بھی قصوروار ہے۔ نیز عبدالوہاب خاں حوالدار گیٹ کیپر کا بھی اس معاملہ میں قصور ہے۔ اگرچہ جیل مینول کی دفعہ ۱۲ باب ۱۰ میں درج ہے کہ حوالدار گیٹ کیپر تلاشی لے یا لوائے۔ لیکن حوالدار کی ذمہ داری ضرور ہے۔ اور بتاریخ ۱۷؍جون ۱۹۳۶ء حوالدار گیٹ کیپر کو ہدایت بھی کیجا چکی ہے کہ وہ قیدیان کی خود تلاشی لے۔

مندرجہ بالا قصور میں عبدالوہاب خاں بحکم ۲۰؍مئی ۱۹۳۶ء معطل کر دیا گیا تھا۔ وہ اب تک معطلی کی جس قدر سزا بھگت چکا ہے اُس پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اور تاریخ امروزہ سے اس کو بحال کیا جاتا ہے۔ ایام معطلی کی تنخواہ نہیں ملیگی۔ عنایت حسین خاں و محمد احمد خاں سپاہیان کو بتیس یوم لین قید کی سزا دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو منسلکہ شیٹ رولی و مسل ۱۷؍جون ۱۹۳۶ء ذریعہ نقل حکم سینٹ جیل کو بھیجے جائیں۔

۳؍اگست ۱۹۳۶ء

دستخط عالیہ جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاسِ عالیمرتبت جناب ریونیو منسٹر بہادر

حکم

منشی محمد علیخاں تحصیلدار ملک نے ختم رخصت پر تحصیل کا
چارج منشی نورتن لال سے بتاریخ یکم اگست ۱۹۴۰ء لے لیا۔
منشی نورتن لال بدستور صدر تحصیل میں نائب تحصیلدار رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فار عالیمرتبت جناب ریونیو منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ

جرمانہ

مسٹر عبداللہ بٹ انچارج پاور ہاؤس کی رپورٹ ملاحظہ ہوئی لہذا حسب تجویز انجنیر صاحب قوت برقی مسمی حبیب الرحمن انجن ڈرائیور مشاہرہ یاب ۵ روپیہ ماہانہ بقصور غیر حاضری تین یوم ایک روپیہ جرمانہ منظور کیا جاتا ہے۔ اس غیر حاضری کا عذر آمد جداگانہ ہوگا۔ کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔ ۴ راگست ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ۔

اطلاع

۵ راگست ۱۹۳۶ء

معلوم ہوا ہے کہ اکثر طالب علموں نے اپنے والدین سے اسکول میں داخلہ نہ ہونے کی شکایت کی ہے اور والدین نے مختلف اجلاسوں میں اسکے متعلق درخواستیں دی ہیں۔ ہائی اسکول اور رضا اسکول سے اس بارہ میں رپورٹ طلب کی گئی تو معلوم ہوا کہ ہائی اسکول میں اس سیشن میں ابتک ۴۳ طالبعلموں کا داخلہ ہو چکا ہے اور درجہ ہشتم اور نہم میں اب بھی داخلہ کی گنجائش ہے اور رضا اسکول میں بھی جماعت سوم سے ہفتم تک داخلہ کی گنجائش ہے۔ اسکے معنے یہ ہیں کہ طالب علم والدین کو صحیح اطلاع نہیں دیتے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اطلاع عام گزٹ سرکاری میں درج کئے جانے کے لئے مطبع کو مرسلہ۔

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر تعلیمات و امور عامہ

ہدایت

۵ راگست ۱۹۳۶ء

ہائی اسکول رضا اسکول اور خورشید گرلس اسکول کے امتحانات سالانہ کی کاپیوں کا بغرض جانچ معائنہ کیا گیا جس سے حسب ذیل نتیجہ برآمد ہوا۔

ہائی اسکول میں فیل شدگان کو جس عمومیت کیساتھ ترقی دی گئی ہے میری رائے میں یہ مناسب نہیں ہے کیونکہ اسکا اثر میٹرکولیشن کے نتیجہ پر برا پڑیگا۔ ترقی دینے میں اسکا لحاظ نہیں کیا گیا ہے کہ آئندہ درجہ میں یہ لڑکا جس نے سالانہ امتحان انگریزی اور حساب میں صفر یا ۵-۷ نمبر حاصل کئے ہیں کیا کر سکتا ہے۔ انگریزی اور حساب جیسے ضروری مضامین میں تو ترقی پانیوالے طالب علم کو فیل ہونے پر بھی ۲۵ فیصدی نمبر لانے چاہئیں ورنہ اس سے کم والے سے آئندہ درجہ میں پاس ہونے کی امید رکھنا بعید از قیاس ہے۔ ہیڈ ماسٹر صاحب کو لکھا گیا ہے کہ وہ آئندہ کے لئے اس متعلق ایک ضابطہ بنائے جانے کے لئے تجویز پیش کریں اور بورڈ سے اس بارہ میں جو ہدایات حاصل ہوتی ہوں ان سے بھی مطلع کریں۔ رضا اسکول۔ اس لحاظ سے کہ اسکول کو قائم ہوئے ابھی ایک سال ہوا ہے اسکول کی عام حالت درست ہے لیکن کاپیوں کے جانچنے میں ممتحنین صاحبان نے صحیح اصول کے ماتحت نمبر نہیں دیئے ہیں۔ ہیڈ ماسٹر صاحب کو آئندہ

...س کی کو پورا کرنے کی بابتہ ذریعہ تحریر جداگانہ توجہ دلائی گئی ہے۔

خورشید گرلس اسکول۔ کی کاپیاں کافی غور کے ساتھ جانچی گئی ہیں اور ہر سوال کے جواب کے نمبر مناسب دیئے گئے ہیں۔ اور عام حالت قابل اطمینان ہے۔ ذریعہ تحریر جداگانہ اطلاع دیدیگئی ہے۔

اپر پرائمری مدارس متعلقہ سررشتہ انسپکٹری کی کاپیاں بھی بشرط فرصت ملاحظہ کی جائینگی۔ اُمید کیجاتی ہے کہ آئندہ ممتحنین صاحبان زیادہ غور اور توجہ سے کاپیاں جانچنے کے کام کو انجام دینگے کیونکہ اسکے ذریعہ طالب علم کی آیندہ تعلیمی زندگی کے بننے اور بگڑنے کا امکان ہے اس لئے کہ آئندہ دیگر مدارس بھی ہر حیثیت سے اپنے یہاں اصلاح حال کی کوشش کریں۔ روبکار ہذا درج گزٹ کیا جائے

حکم ہوا کہ

اسسٹنٹ پریس کو برائے تعمیل مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحبہ منسٹر بہادر تعلیمات و امور عامہ

اعلان

۵ر اگست ۱۹۳۰ء

افواج برطانیہ و ریاست کی امپیریل سروس فوج کے ملازمان جو خدمت پر مامور ہیں یا ریٹائر ہو چکے ہیں اُن کے بچوں کو صنعتی و ادبی تعلیم کے لئے وظائف سلور ویڈنگ فنڈ سے دیئے جائے تجویز ہوئے ہیں اور اسکی پریزیڈنٹ ہر ایکسلنسی لیڈی لنلتھگو ہیں۔ ان وظائف کے متعلق قواعد دفتر منسٹر تعلیمات میں موجود ہیں جو صاحب ان وظائف سے فائدہ اوٹھانیکے مستحق ہوں وہ اپنی درخواستیں دفتر ہذا میں پیش کریں تاکہ یہ درخواستیں بعد غور و جانچ پریزیڈنٹ صاحبہ کی خدمت میں روانہ کیجاسکیں

دستخط عالیمرتبت صاحبہ منسٹر بہادر تعلیمات و امور عامہ

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

تعداد مقدمات جو پیشی میں ابتدائی ۲۳ جولائی لغایت ۵ اگست ۱۹۳۶ء بعدالت ہائی کورٹ پیش ہوئے [illegible] سرکاری کو مطلع ہو۔ ۵ اگست ۱۹۳۶ء دستخط [illegible] صاحب چیف جسٹس

نمبر	تاریخ	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	کیفیت
		مکمل بنچ			
	۱ اگست	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر / مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	شیخ محمد علی بنام سرکار رامپور	اپیل فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	اپیل سماعت ہو کر [illegible] بحق [illegible] ملزم بجائے ۹ ماہ قید سخت کے ۷ ماہ قید سخت [illegible] بجائے ڈیڑھ سال قید سخت کے صرف تین ماہ قید سخت کا سزایاب ہو فقط
	″	صاحب چیف جسٹس بہادر	[illegible] بنام سرکار رامپور	″ ″ نگرانی	نگرانی سائل نامنظور ہو
	″	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب	سرکار بنام [illegible] سنگھ وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج [illegible] گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوئے وقت ختم ہو گیا لہذا مقدمہ کل پیش ہو
	″	محمود [illegible] خاں صاحب بہادر	بہاری لال بنام [illegible]	ابتدائی دیوانی بدعوی زر قرضہ بحساب	مدعا علیہ پر تعمیل سمن باضابطہ ہوگی۔ مدعا علیہ غیر حاضر ہے [illegible] ہوگی لہذا مقدمہ [illegible] اگست کو پیش ہو
	″	″ ″ ″	[illegible] بنام [illegible]	اپیل دیوانی بدعوی [illegible]	دونوں فریقین نے بیان کیا کہ باہم فریقین تصفیہ کی امید ہے [illegible]
	″	″ ″ ″	″ شفیع الرحمان	″ ″ ایضاً	
	″	″ ″ ″	سرکار بہادر بنام بشیر	متفرقات [illegible]	بوجہ عدم فرصت مقدمہ قتل مسمات ذیل لہذا [illegible] بتاریخ [illegible] اگست پیش ہو
	″	″ ″ ″	″ بنام چندا وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	چندا ملزم حاضر بہ ثبوت جرم [illegible] سزائے موت کا سزایاب ہو اور [illegible] ملزمان حاضر بہ ثبوت جرم دفعہ ۳۰۲ ت حبس دوام کے سزایاب ہوں
	″	″ ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	″ بنام منا ملزم	″ ″ ″ ۳۷۶ / ۳۶۶ ت	منا ملزم حاضر بہ ثبوت جرم دفعہ ۳۷۶ ت تین سال قید سخت کا سزایاب ہو اور بعدم ثبوت جرم دفعہ ۳۶۶ ت سے بری ہو
	″	صاحب چیف جسٹس بہادر / مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	کلو سنگھ دیوان [illegible] بنام کنہی لال	اپیل دوم دیوانی نسبت نامنظوری عذرداری بدرخواست اجرائے ڈگری	اپیل ہذا نامنظور ہو تجویز و ڈگری عدالت اپیل اول بحال رہے
	″	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	منی لال بنام [illegible] لال	اپیل دیوانی بدعوی [illegible]	حسب تصفیہ باہمی فریقین مبلغ [illegible] کی ڈگری بحساب [illegible] بنام مدعا علیہ صادر ہو
	۳ اگست	صاحب چیف جسٹس بہادر / مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	مسماۃ [illegible] بیگم وغیرہ بنام امجدی بیگم وغیرہ	″ ″ فسخ [illegible]	بعد سماعت بحث زیر تجویز
	″	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام [illegible] سنگھ وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم قتل عمد	آج بوجہ شرکت اجلاس بنچ مسلت ذیل لہذا مقدمہ کل پیش ہو
	″	محمود [illegible] خاں صاحب بہادر	محمد یونس خاں بنام [illegible] بیگم	اپیل دیوانی بدعوی تقسیم [illegible]	وکلائے فریقین اجلاس جوڈیشل کمیٹی میں پیش ہیں [illegible] لہذا مقدمہ بتاریخ [illegible] اگست پیش ہو
	″	″	[illegible] وغیرہ بنام [illegible]	درخواست ڈگری [illegible] سادہ بہ تعین رقم	[illegible] درخواست عذرداری پیش کی ہے لہذا مقدمہ ۴ اگست کو پیش ہو
	″	″	[illegible] بنام [illegible]	اپیل دیوانی [illegible]	[illegible] مدعا علیہ ایک نقشہ پیش کیا [illegible] دعوی [illegible]
	″	″	[illegible] لال بنام سوہن لال	درخواست اجرائے ڈگری [illegible]	رقم مطالبہ مع خرچہ اجرائے [illegible] تمام کیا جائے [illegible] بحق ڈگری دار اپنا خرچہ خود برداشت کرے گا
	۴ اگست	صاحب چیف جسٹس بہادر / مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	مسماۃ سکینہ بنام مسماۃ ساجدہ وغیرہ	اپیل دوم دیوانی بدعوی شرکت کنندہ [illegible] بتعین [illegible]	اپیل حسب بیانات [illegible] خارج ہو
	″	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام [illegible] سنگھ وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	آج [illegible] گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہو کر ثبوت ختم ہوا لہذا مقدمہ صفائی کے لئے [illegible] اگست مقرر ہو
	″	″	قطب الدین خاں بنام افسر علی خاں	اپیل دیوانی بدعوی دخل آراضی	آج دیگر کام سے فرصت نہیں ملی لہذا مقدمہ ۲۳ اگست کو پیش ہو

تاریخ	نمبر	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]	[illegible]	عالی مرتبت مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام حشمت علی وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ [illegible]	مرتکب جرم دفعہ ۲۲۵ ت ہ حشمت علی ملزم کو سنائی گئی ملزم کو جرم سے اقبال ہے اور مرتکب جرم دفعہ ۲۲۳ ت ہ قربان علی ملزم کو سنائی گئی ملزم کو جرم سے انکار ہے مقدمہ بغرض صدور تجویز کل پیش ہو
〃	〃	صاحب چیف جسٹس بہادر و مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	چنن خاں مدعا علیہ اپیلانٹ بنام محمد حنیف خاں مدعی ریسپانڈنٹ	اپیل دوم دیوانی بدعوی [illegible] مہر ڈگری شدہ اپیل اول	اپیل ہذا نامنظور ہو کر تجویز و ڈگری عدالت اپیل اول بحال ہے
[illegible]	[illegible]	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	علی سائل بنام محب علی	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ [illegible] ت ہ	تعمیل سمن نہیں ہوئی مقدمہ ۱۹ راگست کو پیش ہو۔
〃	〃	عالی مرتبت مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار بنام حشمت علی و قربان علی	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۲۲۵/۲۲۳ ت ہ	حشمت علی ملزم بہ ثبوت جرم دفعہ ۲۲۵ ت ہ دو سال قید سخت کا۔ اور قربان علی ملزم بہ ثبوت دفعہ ۲۲۳ ت ہ مبلغ [illegible] روپیہ جرمانہ کا سزایاب ہو بصورت عدم ادخال جرمانہ دو ہفتہ قید سخت رہے۔
〃	〃	〃	ایسری پرشاد بنام محمد [illegible]	ابتدائی دیوانی بدعوی زر قرضہ [illegible]	کررسمن بہ تعیین ۲۲ راگست بنام مدعا علیہا جاری ہوں مقدمہ تنقیح کے لئے ۲۲ راگست کو پیش ہو۔
〃	〃	〃	رادھے رمن بنام شوکت علی خاں	درخواست بنسبت [illegible] معاملہ از فریق ثانی	منجانب فریق ثانی درخواست عذری پیش ہوئی [illegible] لہذا بوجہ [illegible] فریقین ۱۷ راگست کو پیش ہو۔
[illegible]	[illegible]	〃	نند کشور بنام [illegible]	درخواست اجرائے ڈگری نسبت ڈگری [illegible]	زیر پیشی
〃	〃	صاحب چیف جسٹس بہادر	[illegible] بنام [illegible]	درخواست ترمیم ڈگری اپیل دوم	ڈگری [illegible] درج کیا جاتا ہے
〃	〃	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	قطب الدین خاں بنام [illegible]	اپیل دیوانی بدعوی دخل آراضی	زیر تجویز
〃	〃	〃	شوکت خاں بنام [illegible]	〃 فوجداری بجرم [illegible]	اپیل ہذا نامنظور ہو کر تجویز و حکم عدالت ماتحت بحال رہے۔
[illegible]	[illegible]	〃	ننھے خاں بنام تاج محمد خاں	〃 دیوانی [illegible] قبضہ و دخل آراضی	ریسپانڈنٹ پر تعمیل سمن نہیں ہوئی لہذا کررسمن بہ تعیین ۱۵ ستمبر بنام ریسپانڈنٹ جاری ہو
〃	〃	عالی مرتبت [illegible] بہادر	[illegible] بنام [illegible]	نگرانی فوجداری بنابر نامنظوری ضمانت [illegible] بجرم دفعہ ۳۰۲ ت ہ	زیر تجویز
〃	〃	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب	〃 بنام محمد وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ [illegible]	آج [illegible] گواہان صفائی کے بیانات قلمبند ہوئے صفائی ختم ہوئی [illegible] مقدمہ ۱۹ [illegible]
〃	〃	صاحب چیف جسٹس بہادر و عالی مرتبت مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	ایسری پرشاد بنام عطاء اللہ خاں	اپیل دوم دیوانی نسبت اخراج درخواست اجرائے ڈگری	اپیل ہذا نامنظور ہو کر تجویز عدالت اپیل اول بحال رہے
〃	[illegible]	〃	[illegible] بیگم بنام [illegible] بیگم	اپیل دیوانی بدعوی [illegible] تکمیل بیع نامہ	اول [illegible] کورٹ فیس نسبت تکمیل بیع نامہ داخل کرے اور [illegible] کی ساعت [illegible] بابت حکم دیا جائے گا۔
〃	〃	〃	ذوالفقار خاں بنام رئیسہ بیگم	اپیل دوم دیوانی بدعوی [illegible]	اپیل ہذا نامنظور رہے۔

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری دربار

اطلاع

۲۰ رجولائی ۱۹۳۶ء

محکمۂ انہار میں تین اوورسیران کی ضرورت ہے جو کسی انجینئرنگ اسکول کے سند یافتہ ہوں اور محکمۂ انہار کے کاموں کا تجربہ رکھتے ہوں

باشندگان رامپور میں سے جو اس قابلیت کے اوورسیر ہوں وہ اپنی درخواستیں صاحب ایگزیکیٹو انجینئر انہار کے دفتر میں داخل کردیں۔ نیز وہ رامپوری طالب علم جو اسوقت کسی انجینئرنگ اسکول میں سول انجینئرنگ کی تعلیم پارہے ہوں اپنے نام معہ تاریخ اختتام تعلیم سے دفتر کو اطلاع کردیں اور یہ بھی تحریر کریں کہ وہ محکمۂ انہار میں ملازمت کرنا پسند کرتے ہیں یا تعلیمات میں۔ اگر اسوقت محکمۂ انہار میں ملازمت کے لئے اوورسیر دستیاب نہ ہونگے تو ایک سال کیلئے اوورسیران کی خدمات مستعار گورنمنٹ یوپی سے حاصل کیجائینگی لیکن ان کی خدمات مستعار لئے جانے سے پہلے زیر تعلیم طلباء کی اختتام مدت تعلیم معلوم ہوجانے کی ضرورت ہے تاکہ جو اوورسیران گورنمنٹ سے بلائے جائیں ان کی مدت مستعار قائم کیجا سکے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ رجولائی ۱۹۳۶ء

نقل رپورٹ ڈائرکٹر صاحب زراعت درباره ... حکم منظوری رخصت رعایتی

ایک ماہ از ۱۵ رجولائی ۱۹۳۶ء منشی شاہ حسین گرداور قانونگوئے تحصیل سوار۔

صدقہ آڈٹ سیکشن۔

حکم

منشی شاہ حسین گرداور قانونگوئے تحصیل سوار کی رخصت رعایتی ایکماہ ۱۵ رجولائی ۱۹۳۶ء سے نیز وہ محمد ابراہیم پٹواری منظور ہے۔ حق رخصت رعایتی حاصل ہے احکام صدر سے جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اعلان

۳ راگست ۱۹۳۶ء

صیغہ مال میں پیشہ ور پٹواریان کی چند جگہوں کا انتظام زیر پیش ہے۔ ان آسامیوں پر کم از کم امتحان میٹرکیولیشن پاس باشندگان رامپور کا تقرر کیا جائیگا۔ جو لوگ ملازمت کے امیدوار ہوں ۱۰ دن کو ۲۰ راگست ۱۹۳۶ء تک اپنی درخواستیں مع نقول سارٹیفکٹ ہمارے اجلاس میں پیش کردیں۔ بعد انقضائے تاریخ مقررہ کوئی درخواست قابل توجہ نہیں ہوگی۔ پیشہ ور پٹواریان کو بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

اعلان

دفتر صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر میں ایک تجربہ کار کلرک کی ضرورت ہے جو انگریزی میں بخوبی خط و کتابت کر سکتا ہو اور حساب وغیرہ کے کام سے بھی واقف ہو۔ ٹائپ کا کام جاننے والے اور باشندۂ رامپور کو ترجیح دیجائے گی۔
تنخواہ ۲۵ روپیہ سے ۴۵ روپیہ تک دیجائیگی۔
درخواستیں مع نقول سارٹیفکٹ پرائیویٹ سکریٹری اسٹیٹ کو روانہ کیجاویں۔

حکم ہوا کہ

اعلان ہذا رامپور اسٹیٹ گزٹ میں تین ہفتہ تک شائع کیا جائے۔ ۳۱ر جولائی ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

احکام ناظم صاحب جنوبی

رخصت

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد دربارہ صدور حکم منظوری رخصت رعایتی ۱۵ یوم منشی واحد علیخاں ضلعدار حلقہ چکرپور تقدیم بہ مختاری منشی موہن لال ضلعدار حلقہ بیتر پور انچرولہ - معہ تاڈے پیکشن -

حکم

رخصت رعایتی پندرہ یوم - یوم استفادہ سے منظور کیجاتی ہے - سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں - ۲۷ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط ناظم صاحب جنوبی

وضعات تنخواہ

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد دربارہ صدور حکم منظوری وضعات تنخواہ تین یوم لال بہادر ضلعدار حلقہ بھگوتی پور بوجہ غیر حاضری ۲۷ و ۲۸ و ۲۹ر مئی ۱۹۳۶ء از حلقہ متعلقہ -

حکم

لال بہادر ضلعدار حلقہ بھگوتی پور کی تین یوم کی تنخواہ بوجہ غیر حاضری حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب وضع کیجائے - احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں - ۳۰ر جولائی ۱۹۳۶ء

دستخط ناظم صاحب جنوبی

احکام اڈیشنل ناظم صاحب

وضعات تنخواہ

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور دربارہ صدور حکم منظوری وضعات تنخواہ دو یوم منشی جعفر علیخاں ضلعدار رسپورہ بزرگ بوجہ غیر حاضری ۱۶ و ۱۷ر جولائی ۱۹۳۶ء

حکم

حسب سفارش تحصیلدار صاحب بلاسپور منشی جعفر علیخاں ضلعدار کی دو یوم کی تنخواہ بوجہ غیر حاضری وضع کیجائے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۴ر اگست ۱۹۳۶ء

دستخط اڈیشنل ناظم صاحب

جرمانہ

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور دربارہ صدور حکم منظوری جرمانہ چار آنہ بر منشی جعفر علیخاں ضلعدار حلقہ رسپورہ بقصور تاخیر داخلہ نقشہ ارسال زر دویم ۱۰ مئی ۱۹۳۶ء

حکم

منشی جعفر علیخاں ضلعدار حلقہ رسپورہ کا جواب ہے کہ نقشہ ارسال زر دویم ۱۰ مئی ۱۹۳۶ء سہواً داخل ہونے سے رہ گیا تھا ذرا غفلت میں سہو کا ہونا تحت نظر سے دیکھے جانے کے قابل ہے لہذا ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - اعمالنامہ اندراج کے لئے پیش کیا جائے ۴ر اگست ۱۹۳۶ء

دستخط اڈیشنل ناظم صاحب

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائی ۲۶ لغایتہ یکم اگست ۱۹۳۷ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۶ جولائی ۱۹۳۷ء دوشنبہ	۲ ۱/۲	۹۱	۰	۱۱۸	۰	۱۰۷	نقشہ نہیں آیا		۰	۱۱۴	۰	۷۹
۲۷ جولائی ۱۹۳۷ء سہ شنبہ	۰	۹۱	۰	۱۱۸	۰	۱۰۷	بشرح صدر		۰	۱۱۴	۰	۷۹
۲۸ جولائی ۱۹۳۷ء چہارشنبہ	۰	۹۱	۰	۱۱۸	۵	۱۱۲	بشرح صدر		۰	۱۱۴	۰	۷۹
۲۹ جولائی ۱۹۳۷ء پنجشنبہ	۳	۹۴	۰	۱۱۸	۳	۱۱۵	بشرح صدر		نقشہ نہیں آیا		۵	۸۴
۳۰ جولائی ۱۹۳۷ء جمعہ	۱۰	۱۰۴	۸	۱۲۶	۱۷	۱۳۲	بشرح صدر		بشرح صدر		۱۰	۹۴
۳۱ جولائی ۱۹۳۷ء شنبہ	۰	۱۰۴	۲	۱۲۸	۰	۱۳۲	بشرح صدر		بشرح صدر		نقشہ نہیں آیا	
یکم جولائی ۱۹۳۷ء یکشنبہ	۰	۱۰۴	نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		بشرح صدر		بشرح صدر		بشرح صدر	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ اول ماہ اگست ۱۹۳۶ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
	۱۰ اثار	[illegible] اثار	۱۰ اثار	۱۰ اثار	۱۰ اثار	۹ اثار، ۱۰ اثار	گندم
	۱۵ اثار	۱۶ اثار	۱۶ اثار	۱۶ اثار	۱۵ اثار	۱۵ [illegible] اثار	نخود خالص
	۱۶ اثار	۱۶ اثار	۱۷ اثار	۱۶ اثار	۱۶ اثار	۱۵ اثار، [illegible] اثار	نخود کسہ آمیز
	۱۶ اثار	۱۶ اثار	۱۶ اثار	۱۸ اثار	۱۶ اثار	۱۶ اثار، [illegible] اثار	کسہ
	۹ اثار	۹ اثار	۹ اثار	۹ اثار	۱۰ اثار	۹ اثار، ۹ اثار	ماش
	۹ اثار	۸ اثار	۷ اثار	۰	۷ اثار	۷ اثار، ۷ اثار	مونگ
	۰	۱۳ اثار	۰	۰	۰	۰	مکا
	۲۰ اثار	۲۰ اثار	۱۸ اثار	۲۰ اثار	۰	۱۷ اثار، ۱۸ اثار	جئی
	۱۶ اثار	۱۲ اثار	۱۳ اثار	۱۳ اثار	۰	۰	گوجئی
	۱۳ اثار	۱۳ اثار	۱۳ اثار	۱۲ اثار	۱۲ اثار	۱۳ اثار، ۱۴ اثار	عدس
	۱۳ اثار	۱۱ اثار	۱۰ اثار	۱۰ اثار	۱۱ اثار	۹ اثار، ۱۰ اثار	ارہر
	۸ اثار	[illegible] اثار	۷ اثار	۷ اثار	۶ اثار، ۷ اثار	[illegible] اثار، ۷ اثار	برنج
	[illegible] اثار	[illegible] اثار	[illegible] اثار، [illegible] اثار	[illegible] اثار	[illegible] اثار	[illegible] اثار، [illegible] اثار	روغن زرد
	۲ اثار	۳ اثار	۳ اثار	۳ اثار	۱ اثار	۲ اثار	روغن سیاہ
	۰	۲ اثار	۱ اثار	۱ اثار	۱ اثار	۱ اثار، ۱ اثار	روغن کنجد
	۱۱ اثار	۱۱ اثار	۱۱ اثار	۱۰ اثار	۱۱ اثار	۱۰ اثار، ۱۱ اثار	نمک سانبھر
	۸ اثار	۰	۸ اثار	۶ اثار	۶ اثار	۶ اثار	نمک لاہوری
	۱۳ اثار	۰	۱۰ اثار	۹ اثار	۱۲ اثار	۱۰ اثار، ۱۱ اثار	قند سیاہ
	۰	۰	۰	۰	۰	۰	باجرہ